[This question paper contains 4 printed pages.]

**Your Roll No................**

**Sr. No. of Question Paper : 4381** **L**

Unique Paper Code : 2141002003

Name of the Paper : Urdu-C

Name of the Course : **AEC**

Semester : IV

Duration : 2 Hours Maximum Marks : 60

## Instructions for Candidates

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

1۔ نیچے لکھے شعری حصے کو دھیان سے پڑھیے اور دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ **15**

لیتی کسی فقیر کے گھر میں اگر جنم ہوتے نہ میری جان کو سامان یہ بہم
ڈستا نہ سانپ بن کے مجھے شوکت و حشم تم میرے لال تھے مجھے کس سلطنت سے کم
میں خوش ہوں پھونک دے کوئی اس تخت و تاج کو
تم ہی نہیں تو آگ لگا دوں گی راج کو

(i) ماں نے کس کے گھر میں جنم لینے کی بات کی ہے؟

(ii) سانپ بن کر کس نے ڈسا ہے؟

(iii) ماں کو اپنا لال کس سے زیادہ اچھا لگتا ہے؟

(iv) ماں کی خوشی کس میں ہے؟

(v) اگر بیٹا پاس نہ ہو تو ماں کیا کرے گی؟

*P.T.O.*

2۔ نیچے لکھے اقتباس کو دھیان سے پڑھیے اور دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 15

اب جو ہم کھڑکی میں سے آسمان کو دیکھتے ہیں تو جناب ستارے ہیں کہ جگمگا رہے ہیں۔ سوچا کہ آج پتہ چلائیں گے کہ یہ سورج آخر کس طرح سے نکلتا ہے۔ لیکن جب گھوم گھوم کر کھڑکی اور روشن دان میں سے چاروں طرف دیکھا اور بزرگوں سے صبح کاذب کی جتنی نشانیاں سنی تھیں، ان میں سے ایک بھی نظر نہ آئی، تو فکر سا ہو گیا کہ آج سورج گرہن نہ ہو۔ کچھ سمجھ میں نہ آیا تو پڑوسی کو آواز دی: ''لالہ جی!۔۔۔لالہ جی!۔۔۔!''
جواب آیا: ''ہوں''

(i) کھڑکی میں سے جھانک کر کیا دیکھا؟

(ii) وہ کس بات کا پتہ چلانا چاہتا تھا؟

(iii) بزرگوں کی بتائی ہوئی کس نشانی کو دیکھنے کی کوشش کی؟

(iv) اسے کیوں لگ رہا تھا کہ سورج گرہن ہو سکتا ہے؟

(v) لالہ جی کو کیوں آواز دی گئی؟

3۔ نیچے دیے ہوئے مصرعوں کو مکمل کیجیے۔ 5

(i) ستاروں سے آگے __________ اور بھی ہیں

(ii) یہ خلش کہاں سے ہوتی جو __________ کے پار ہوتا

(iii) ابھی __________ کے امتحاں اور بھی ہیں

(iv) ترے وعدے پہ جیے ہم تو یہ جان __________ جانا

(v) گلوں میں __________ بھرے، بادِ نو بہار چلے

5 ۔4 صحیح جواب چن کر لکھیے۔

(i) یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں

(a) اقبال (b) غالب (c) میرؔ (d) فیض

(ii) رامائن کا ایک سین کس شاعر کی نظم ہے؟

(a) اختر الایمان (b) فیض (c) چکبست (d) اختر شیرانی

(iii) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مقطع (b) قافیہ (c) ردیف (d) مطلع

(iv) مرزا غالب کا پورا نام کیا تھا؟

(a) مرزا اسد اللہ خاں غالب (b) مرزا محمود غالب (c) مرزا حمید اللہ غالب (d) مرزا فیض اللہ غالب

(v) سویرے جو کل آنکھ میری کھلی کس کا مضمون ہے؟

(a) غالب (b) پطرس بخاری (c) سعادت حسن منٹو (d) اختر الایمان

5۔ نظم 'رامائن کا ایک سین' کا حال اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 10

یا

نظم 'شیشے کا آدمی' کے ذریعے شاعر نے کیا پیغام دیا ہے؟

6۔ 'جی آیا صاحب' کی کہانی اور اس کا پیغام اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 10

یا

سویرے جو کل آنکھ میری کھلی کی کہانی اور اس کا پیغام اپنے الفاظ میں لکھیے۔